PDF Compressor Free Version

# تربیتی نصاب

حصہ پنجم (بنین)


## برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)

مکتب میں پڑھنے والے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے

① قرآن کریم کا نصاب ② ایمانیات و عبادات ③ احادیث و مسنون دعائیں

④ سیرت و اخلاق و آداب ⑤ عربی اور اُردو زبان

پر مشتمل ایک مختصر اور آسان نصاب



مکتب تعلیم القرآن الکریم


جمع و ترتیب

علمائے کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم



زیرِ سرپرستی

حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم

صدر دارالعلوم کراچی

دعائیہ کلمات

حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم

رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

PDF Compressor Free Version



# تربیتی نصاب حصہ پنجم کا خاکہ

| | | |
|---|---|---|
| قرآن کریم | حفظ سورۃ | سُوْرَۃُ الشَّمْسِ تا سُوْرَۃُ الْفَجْرِ، اٰیَۃُ الْکُرْسِیِّ۔ |
| | ناظرہ | بارہ پارے (مکمل) قَدْ اَفْلَحَ تا تَبٰرَكَ الَّذِیْ۔ |
| ایمانیات وعبادات | کلمے | دہرائی۔ کلمہ ردِّ کفر۔ |
| | عقائد | مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم۔ |
| | نماز ودیگر عبادات | • جمعہ • جماعت • تراویح • عیدین • سجدۂ سہو • سجدۂ تلاوت<br>• نماز جنازہ۔ • زکوٰۃ • روزہ • اعتکاف • حج۔ |
| احادیث ومسنون دعائیں | آٹھ احادیث ترجمے کے ساتھ | گزشتہ کی دہرائی۔ • نبی کی محبت • زکوٰۃ کی فضیلت۔<br>• حج کی فضیلت۔ • گانے کا نقصان۔ • کفار کے ساتھ مشابہت کا انجام۔<br>• جھوٹا دعویٰ کرنے کا نقصان۔ • حسد اور دشمنی کی ممانعت۔ • کامل مسلمان کون۔ |
| | (۸) مسنون دعائیں | گزشتہ کی دہرائی۔ • ہدایت وتقویٰ مانگنے کی دعا۔ • نفاق اور بری عادتوں سے پناہ مانگنے کی دعا۔<br>• جب کسی کو رخصت کرنے لگے تو یہ دعا دیں۔ • جب کسی منزل پر ٹھہرنے لگیں تو یہ دعا دیں۔<br>• جب بازار جائیں تو یہ دعا مانگیں۔ • جب بارش ہونے لگے تو یہ دعا مانگیں۔<br>• قبرستان میں داخل ہونے کی دعا۔ • جامع دعا |
| سیرت و اخلاق وآداب | سیرتِ خلفاء | • حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ۔ • حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔<br>• حضرت علی رضی اللہ عنہ کی زندگی کے حالات۔ |
| | اخلاق وآداب | مجلس کے آداب ۔ راستے کے آداب ۔ قناعت ۔ حسد ۔ غیبت ۔ شرم وحیا اور دوستی۔ |
| زبان | عربی | عربی زبان میں اکاسی سے سو تک گنتی، باورچی خانہ، سبزیاں، سوال وجواب۔ |
| | اردو | حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا واقعہ۔ سوال وجواب کی صورت میں اسلامی معلومات۔ |
| بیان | بیان ودعا | ایک بیان اور تین قرآنی دعائیں۔ |

PDF Compressor Free Version



# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| کلمات تبریک (حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ) | 6 |
| دعائیہ کلمات (حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مدظلہ) | 7 |
| تقریظ (حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ العالی) | 8 |
| تقریظ (حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مدظلہ العالی) | 9 |
| مقدمہ | 10 |
| نظام الاوقات | 12 |
| حمد | 13 |
| نعت | 14 |
| ناظرہ قرآن کریم کا نصاب | 15 |
| حفظ سورۃ کا نصاب | 17 |
| **ایمانیات** | |
| گزشتہ کی دہرائی | 19 |
| کلمۂ ردِّ کفر | 23 |
| مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا | 24 |
| صحابہ کرام رضی اللہ عنہم | 25 |
| **عبادات** | |
| جمعہ کا بیان | 26 |
| جماعت کا بیان | 27 |
| تراویح کی نماز | 28 |
| عید کی نمازوں کا بیان | 29 |
| عید کی سنتیں | 29 |
| عید کی نماز پڑھنے کا طریقہ | 30 |
| سجدۂ سہو | 31 |
| سجدۂ تلاوت | 32 |
| نماز جنازہ کا بیان | 33 |
| زکوٰۃ | 35 |
| روزہ | 36 |
| روزہ کے مفسدات | 37 |
| اعتکاف | 38 |
| حج | 38 |
| حج کے فرائض | 38 |
| حج کے واجبات | 39 |
| **احادیث** | |
| گزشتہ کی دہرائی | 40 |
| نبی کی محبت | 49 |
| زکوٰۃ کی فضیلت | 49 |
| حج کی فضیلت | 50 |
| گانے کا نقصان | 50 |
| کفار کے ساتھ مشابہت کا انجام | 50 |
| جھوٹا دعویٰ کرنے کا نقصان | 51 |
| حسد اور دشمنی کی ممانعت | 51 |
| کامل مسلمان کون | 51 |
| **مسنون اذکار و دعائیں** | |
| گزشتہ کی دہرائی | 52 |
| ہدایت و تقویٰ مانگنے کی دعا | 65 |
| نفاق اور بری عادتوں سے پناہ مانگنے کی دعا | 66 |

PDF Compressor Free Version

# فہرست


| | |
|---|---|
| جب کسی کو رخصت کرنے لگیں تو یہ دعا دیں | 66 |
| جب کسی منزل پر ٹھہرنے لگیں تو یہ دعا مانگیں | 66 |
| جب بازار جائیں تو یہ دعا مانگیں | 67 |
| جب بارش ہونے لگے تو یہ دعا مانگیں | 67 |
| قبرستان میں داخل ہونے کی دعا | 68 |
| جامع دعا | 68 |
| **سیرت خلفاء** | |
| حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ | 69 |
| حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قبول اسلام | 69 |
| حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی ہجرت | 70 |
| حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی خلافت | 71 |
| بیت المقدس کی فتح | 71 |
| حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کی شہادت | 72 |
| حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ | 73 |
| حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی خلافت | 75 |
| حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت | 76 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ | 77 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خلافت | 78 |
| حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت | 79 |
| **اخلاق وآداب** | |
| مجلس کے آداب | 80 |
| راستے کے آداب | 82 |
| قناعت | 83 |
| حسد | 84 |
| غیبت | 85 |
| شرم وحیا | 86 |
| دوستی | 88 |
| **عربی زبان** | |
| اَلْاَعْدَادُ (گنتی) | 90 |
| اَلْمَطْبَخُ (باورچی خانہ) | 92 |
| اَلْخَضْرَوَاتُ (سبزیاں) | 92 |
| سوال وجواب | 93 |
| **اردو زبان** | |
| حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام | 95 |
| حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا قوم کو دعوت دینا | 96 |
| حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نمرود کو دعوت دینا | 97 |
| حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کو سزا دینے کی تجویز | 99 |
| حضرت ابراہیم علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ہجرت | 100 |
| زم زم کا کنواں | 100 |
| تاریخ انسانیت کی عظیم قربانی | 101 |
| خانہ کعبہ کی تعمیر | 102 |
| سوال وجواب کی صورت میں اسلامی معلومات | 103 |
| **بیان ودعا** | 106 |
| اعمال چارٹ | 108 |
| سوالات | 133 |
| حوالہ جات | 137 |
| طالب علم کی نماز کی ڈائری | 142 |
| رمضان چارٹ | 147 |
| ماہانہ حاضری وفیس چارٹ | 148 |

PDF Compressor Free Version



# تقریظ

## حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مُدَّظِلُّهُ الْعَالِي

استاذ الحدیث، نائب مہتمم و ناظمِ تعلیمات جامعہ اشرفیہ لاہور

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَالْعَاقِبَةُ لِلْمُتَّقِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

اس پُرفتن دور میں میڈیا نے اس منظم انداز سے معصوم بچوں اور بچیوں کے ایمان کو تباہ و برباد کرنا شروع کیا ہے کہ اسلام کے نام پر بنے ملکِ پاکستان میں والدین اور سرپرستوں کے لیے نسلِ نو کے ایمان کی حفاظت سب سے بڑا چیلنج بن گیا ہے۔ اب والدین اور سرپرستوں کی سب سے بڑی ذمے داری یہ ہے کہ وقت کے اس چیلنج کا ایمانی قوت، ہمت و جرأت کے ساتھ مقابلہ کریں۔

ہماری مساجد و مکاتبِ قرآنیہ کا جو سلسلہ ایک عرصے سے چلا آ رہا ہے، یہ ایک بہترین ذریعہ ہے کہ یہاں تھوڑے سے وقت میں ان بچوں کے دلوں میں ایمانی چراغ روشن کیا جا سکتا ہے، ان مکاتب میں بچوں کو پڑھانے کے لیے ترتیب دی گئی کتاب "تربیتی نصاب" کا احقر نے مطالعہ کیا اور اصلاح کا ایک بہترین ذریعہ اور وسیلہ پایا۔

یہ کتاب آسان اور خوب صورت انداز میں ترتیب دی گئی ہے اور بچوں کی ذہنی سطح کے مطابق ہے۔ مجھے یقین ہے کہ اگر اس کے پڑھانے والے اساتذۂ کرام ایمان، اخلاق اور عبادات کو صحیح تربیتی انداز سے سکھائیں تو یہ تمام شرور اور فتنوں سے بچنے کا کامیاب ذریعہ ہوگا۔

اللہ تعالیٰ ان تمام حضرات کو جزائے خیر عطا فرمائے جنہوں نے اس کتاب کو اس خوب صورت انداز میں مرتب اور شائع کیا ہے۔ ہماری خواہش ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو ملک کی تمام مساجد میں رائج فرمائے اور ملکِ پاکستان کے ایک ایک بچے اور بچی کے ایمان کی حفاظت کا ذریعہ بنائے۔ اٰمِيْن

محتاجِ دعا

فضل الرحیم

PDF Compressor Free Version



# سَیِّدُ الْاِسْتِغْفَارُ

(اللہ تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی معافی مانگنے کا سب سے بہتر طریقہ)

"اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَاصَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْٓءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ۔" (۵)

ترجمہ: ''اے اللہ! آپ ہی میرے رب ہیں، آپ کے سوا کوئی معبود نہیں، آپ ہی نے مجھے پیدا کیا ہے۔ میں آپ کا بندہ ہوں اور اپنی طاقت کے بقدر آپ سے کئے ہوئے عہد اور وعدے پر برقرار ہوں، میں اپنے کئے ہوئے برے عمل سے آپ کی پناہ لیتا ہوں اور مجھ پر جو آپ کی نعمتیں ہیں ان کا میں اقرار کرتا ہوں اور اپنے گناہوں کا بھی اعتراف کرتا ہوں، اس لیے آپ مجھے بخش دیجیے کیوں کہ گناہوں کو آپ کے علاوہ کوئی نہیں بخش سکتا۔''

**فائدہ:** رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''جس نے دل کے یقین کے ساتھ دن میں کسی بھی وقت یہ استغفار پڑھا اور اسی دن میں شام ہونے سے پہلے اس کو موت آ گئی تو وہ جنتیوں میں سے ہوگا اور اسی طرح اگر کسی نے دل کے یقین کے ساتھ شام میں کسی بھی وقت یہ استغفار پڑھا اور صبح ہونے سے پہلے اس کو موت آ گئی تو وہ جنتیوں میں سے ہوگا۔''

PDF Compressor Free Version



# سبق:۸ نمازِ جنازہ کا بیان

**نمازِ جنازہ کے فرض:** نمازِ جنازہ میں دو فرض ہیں۔

● چار مرتبہ "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہنا۔ ● قیام کرنا یعنی کھڑے ہو کر نمازِ جنازہ پڑھنا۔

**نمازِ جنازہ کی سنتیں:** نمازِ جنازہ میں تین سنتیں ہیں۔

● اللہ تعالیٰ کی حمد کرنا۔ ● نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنا۔ ● میت کے لیے دعا کرنا۔

## نمازِ جنازہ کا طریقہ:

☆ میت کو آگے رکھ کر امام اس کے سینے کا سامنے کھڑا ہو اور تمام لوگ میت کے حق میں مغفرت کی دعا کرنے کے لیے نمازِ جنازہ پڑھنے کی نیت کریں۔

☆ نیت کرنے کے بعد دونوں ہاتھ کانوں تک اٹھا کر "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہیں اور ہاتھ باندھ لیں، پھر ثنا یعنی سُبْحٰنَکَ اللّٰھُمَّ پوری پڑھیں۔

☆ پھر ہاتھ اٹھائے بغیر دوسری مرتبہ "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہہ کر درود پڑھیں اور بہتر یہ ہے کہ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ پڑھیں۔

☆ پھر بغیر ہاتھ اٹھائے تیسری مرتبہ "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کہہ کر اگر جنازہ بالغ مرد یا عورت کا ہو تو یہ دعا مانگیں:

" اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِحَیِّنَا وَ مَیِّتِنَا وَ شَاھِدِنَا وَ غَآئِبِنَا وَصَغِیْرِنَا وَکَبِیْرِنَا وَذَکَرِنَا وَ اُنْثَانَا اَللّٰھُمَّ مَنْ اَحْیَیْتَهٗ مِنَّا فَاَحْیِهٖ عَلَی الْاِسْلَامِ وَمَنْ تَوَفَّیْتَهٗ مِنَّا فَتَوَفَّهٗ عَلَی الْاِیْمَانِ "۔ (۱)

سبق: ۴

۳۸

# حج کی فضیلت

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ:

"مَنْ حَجَّ ہٰذَا الْبَیْتَ فَلَمْ یَرْفُثْ وَلَمْ یَفْسُقْ رَجَعَ کَمَا وَلَدَتْہُ اُمُّہٗ۔"(۳۶)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جس شخص نے اللہ تعالیٰ کے لیے حج کیا اور (اس میں) نہ کوئی بُری بات کی اور نہ گناہ کیا تو وہ گناہوں سے اس طرح پاک صاف لوٹے گا جس طرح وہ اپنی پیدائش کے دن گناہ سے پاک صاف تھا۔"

۳۹

# گانے کا نقصان

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: "اِنَّ الْغِنَآءَ یُنْبِتُ النِّفَاقَ فِی الْقَلْبِ۔"(۳۷)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "بے شک گانا دل میں نفاق پیدا کرتا ہے۔"

۴۰

# کفار کے ساتھ مشابہت کا انجام

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ: "مَنْ تَشَبَّہَ بِقَوْمٍ فَہُوَ مِنْہُمْ۔"(۳۸)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"جو شخص جس قوم کی مشابہت اختیار کرے گا اس کا انجام انہیں کے ساتھ ہوگا۔"

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق: ● | چوتھے مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلم | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



۴۳

## اچھے اخلاق کی دعا

📖 "اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا یَهْدِیْ لِاَحْسَنِهَآ اِلَّآ اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّیْ سَیِّئَهَا لَا یَصْرِفُ عَنِّیْ سَیِّئَهَآ اِلَّآ اَنْتَ۔" (۴۰)

☆ ترجمہ: "اے اللہ! مجھے اچھے اخلاق نصیب فرما۔ تیرے علاوہ اچھے اخلاق کوئی عطا نہیں کر سکتا اور برے اخلاق مجھ سے دور فرما تیرے علاوہ مجھ سے کوئی برے اخلاق دور نہیں کر سکتا۔"

۴۴

## بیمار کی عیادت کی دعا

📖 "لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ۔" (۴۱)

☆ ترجمہ: "کوئی حرج نہیں اگر اللہ نے چاہا یہ بیماری تمہارے گناہوں کو ختم کر دے گی۔"

۴۵

## مصیبت زدہ کو دیکھ کر دل میں یہ دعا مانگیں

📖 "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی كَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا۔" (۴۲)

☆ ترجمہ: "سب تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں جس نے مجھے اس حال سے بچایا جس میں تمہیں مبتلا کیا اور اس نے اپنی بہت سی مخلوق پر مجھے فضیلت دی۔"

PDF Compressor Free Version



# سیرت خلفاء

📖 **سیرتِ خلفاء:** خلفائے راشدین کی زندگی کے حالات کو "سیرتِ خلفاء" کہتے ہیں۔

## سبق: ۱ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ

☆ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ قریش کے خاندان "بنو عدی" سے تعلق رکھتے تھے۔

📖 حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے۔ آپ کے والد کا نام "خطاب" تھا۔

☆ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو نبوت ملنے کے وقت مکہ میں کل سترہ آدمی ایسے تھے جو لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ ان میں ایک حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی تھے۔

☆ قریش عام طور پر آپ رضی اللہ عنہ ہی کو سفیر بنا کر بھیجتے تھے۔

## حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا قبول اسلام

📖 حضرت عمر رضی اللہ عنہ شروع میں اسلام کے سخت مخالف تھے، لیکن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کی برکت سے نبوت کے چھٹے سال مسلمان ہوئے۔

☆ آپ رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے سے مسلمانوں کو بے حد خوشی ہوئی اور وہاں موجود سب لوگوں نے بلند آواز سے "اَللّٰہُ اَکْبَرُ" کا نعرہ بلند کیا۔(۱)

☆ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے سے مسلمانوں کو بہت قوت حاصل ہوئی اور مسلمان بیت اللہ میں نماز پڑھنے لگے۔

PDF Compressor Free Version



☆ یہی بات آپ رضی اللہ عنہ کے دشمنوں اور حاسدوں سے برداشت نہ ہوسکی اور انھوں نے آپ رضی اللہ عنہ کو شہید کرنے کا منصوبہ بنایا۔

## حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شہادت

☆ ابنِ مُلجم نامی ایک شخص آپ رضی اللہ عنہ کو قتل کرنے کے ارادہ سے کوفہ پہنچا اور آپ رضی اللہ عنہ کے گھر کے قریب اس دروازہ کی آڑ میں بیٹھ گیا جہاں سے آپ نماز کے لیے تشریف لاتے تھے۔

☆ جب آپ رضی اللہ عنہ فجر کی نماز کے لیے گھر سے نکلے تو اسی وقت اس بدنصیب نے اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے آپ رضی اللہ عنہ پر تلوار کا سخت وار کیا جس کی وجہ سے آپ بہت زخمی ہوگئے۔

☆ آپ رضی اللہ عنہ نے اسے پکڑنے کا حکم دیا اور حضرت جعدہ بن ہُبیرہ کو نماز پڑھانے کا حکم دیا اور فرمایا کہ اگر میں شہید ہوجاؤں تو اسے قتل کردینا اور اگر میں زندہ رہا تو مجھے کیا کرنا ہے وہ مجھے معلوم ہے۔

📖 بالآخر ۴۰ ہجری رمضان المبارک کی سترہ تاریخ کو سحری کے وقت ۶۳ سال کی عمر میں آپ رضی اللہ عنہ شہید ہوگئے۔

📖 آپ رضی اللہ عنہ تقریباً چار سال نو مہینے خلیفہ رہے۔ آپ کی نماز جنازہ آپ کے بیٹے حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے پڑھائی اور آپ رضی اللہ عنہ کی تدفین کوفہ میں ہوئی۔ [۴]

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق ۵ | پانچویں مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلم | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



# سبق:۱۰ دوستی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"آدمی اپنے دوست کے دین پر ہوتا ہے، اس لیے جس کسی سے دوستی کریں خوب دیکھ بھال کر کریں۔"(۱)

## اچھے دوست کی صفات:

جس کسی سے ہم دوستی کریں اس میں یہ صفات ہونی چاہیے۔

1. دوست مسلمان ہو۔
2. دوست دین دار ہو کیوں کہ ساتھ رہنے کا اثر پڑتا ہے۔ اچھوں کے ساتھ رہنے سے اپنے اندر خوبیاں پیدا ہوتی ہیں۔
3. دوست عقل مند ہو۔
4. دوست کے اخلاق اچھے ہوں۔
5. دوست سچا ہو۔

## اچھے دوست سے دوستی کے فائدے:

☆

1. ذکر وعبادت میں مددگار رہو گا۔
2. قیامت کے دن بھی دوست رہے گا۔
3. ضرورت کے وقت آپ کے کام آئے گا۔
4. آپ کے راز کی بات راز میں رکھے گا۔
5. آپ کو دھوکا نہیں دے گا۔

PDF Compressor Free Version



## سبق: ۴ سوال و جواب

"مَنْ" کے ذریعے انسان کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے اور "مَا" کے ذریعے انسان کے علاوہ دوسری چیزوں کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے۔

| جواب | | سوال | |
|---|---|---|---|
| یہ استاذ ہے | هٰذَا مُعَلِّمٌ | یہ کون ہے؟ | مَنْ هٰذَا؟ |
| وہ طالب علم ہے | ذٰلِكَ طَالِبٌ | وہ کون ہے؟ | مَنْ ذٰلِكَ؟ |
| یہ استانی ہیں | هٰذِهٖ مُعَلِّمَةٌ | یہ کون ہے؟ | مَنْ هٰذِهٖ؟ |
| وہ درزن ہے | تِلْكَ خَيَّاطَةٌ | وہ کون ہے؟ | مَنْ تِلْكَ؟ |
| یہ چابی ہے | هٰذَا مِفْتَاحٌ | یہ کیا ہے؟ | مَا هٰذَا؟ |
| وہ مسجد ہے | ذٰلِكَ مَسْجِدٌ | وہ کیا ہے؟ | مَا ذَالِكَ |
| یہ گھڑی ہے | هٰذِهٖ سَاعَةٌ | یہ کیا ہے؟ | مَا هٰذِهٖ |
| وہ پنکھا ہے | تِلْكَ مِرْوَحَةٌ | وہ کیا ہے؟ | مَا تِلْكَ؟ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| سبق: ● | چوتھے مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلم | | دستخط سرپرست | |

PDF Compressor Free Version



☆ سوال : عَشَرَہ مُبَشَّرَہ کسے کہتے ہیں۔

جواب : وہ دس صحابی جن کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ہی مجلس میں جنتی ہونے کی خوش خبری دی انہیں عَشَرَہ مُبَشَّرَہ کہتے ہیں ان کے نام یہ ہیں:

- حضرت ابوبکر صدیق
- حضرت عمر فاروق
- حضرت عثمان غنی
- حضرت علی
- حضرت طلحہ
- حضرت زبیر
- حضرت عبدالرحمن بن عوف
- حضرت سعد بن ابی وقاص
- حضرت سعید بن زید
- حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہم۔[1]

☆ سوال : کس صحابی کا نام قرآن کریم میں آیا ہے؟

جواب : حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کا۔

☆ سوال : سب سے پہلے کس صحابی نے اذان دی؟

جواب : حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے۔

☆ سوال : "غزوہ" کسے کہتے ہیں؟

جواب : جس جنگ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم خود شریک ہوئے ہوں اسے "غزوہ" کہتے ہیں۔

☆ سوال : "سریہ" کسے کہتے ہیں؟

جواب : جس جنگ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود شرکت نہ فرمائی ہو بلکہ صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کو بھیجا ہو اسے "سریہ" کہتے ہیں۔

☆ سوال : چار مشہور امام کے نام بتائیں؟

جواب :
- حضرت امام ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ
- حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ

| سبق:۱۰ | دسویں مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلم | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

PDF Compressor Free Version



# عملی چارٹ پُر کرنے کا طریقہ

عملی چارٹ میں طلبا کی تربیت کے لیے دس اہم باتیں دی گئی ہیں۔ بچوں کو عمل پر لانے اور ان پر اہتمام کے لیے ہر مہینے ایک عملی کام دیا گیا ہے۔ محترم معلم پورا مہینہ واپسی کی بات اور کارگزاری اس کے مطابق کریں۔

طلبا کے والدین سے نیچے دیے گئے طریقہ کار کے مطابق عملی چارٹ پُر کرائیں۔

1. **استغفار اور معافی مانگنا:** بچہ روزانہ صبح و شام ایک مرتبہ "سَیِّدُ الْاِسْتِغْفَار" پڑھے تو (✓) کا نشان اور اگر نہ پڑھے تو (✗) کا نشان لگائیں۔
2. **پڑوسی کے حقوق:** بچہ پڑوسی بچوں کے ساتھ مل جل کر رہے، تنگ نہ کرے تو (✓) کا نشان اور اگر ان سے لڑائی جھگڑا کرے، تنگ کرے تو (✗) کا نشان لگائیں۔
3. **نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت و اطاعت:** بچہ صبح و شام دس دس مرتبہ درود شریف پڑھے تو (✓) کا نشان اور اگر نہ پڑھے تو (✗) لگائیں۔
4. **کانوں کی حفاظت:** بچہ کانوں کی حفاظت کرے، گانے نہ سُنے تو (✓) کا نشان اور اگر گانے سنے تو (✗) کا نشان لگائیں۔
5. **باجماعت نماز:** بچہ نماز جماعت سے پڑھے تو (✓) کا نشان اور جو نماز جماعت سے نہ پڑھے تو (✗) کا نشان لگائیں۔
6. **مسجد میں داخل ہونے اور نکلنے کی دعا:** بچہ مسجد میں داخل ہوتے وقت مسجد میں داخل ہونے کی دعا اور مسجد سے نکلتے وقت مسجد سے نکلنے کی دعا مانگے تو (✓) کا نشان اور اگر نہ پڑھے تو (✗) کا نشان لگائیں۔
7. **قناعت:** بچہ کھانے پینے میں جو والدین دیں کھا لے پی لے، نئی نئی چیزوں کی ضد نہ کرے تو (✓) کا نشان اور اگر کھانے پینے میں تنگ کرے، نئی نئی چیزوں کی ضد کرے تو (✗) کا نشان لگائیں۔
8. **غیبت:** بچہ کسی کی برائی نہ کرے تو (✓) کا نشان اور اگر برائی کرے تو (✗) کا نشان لگائیں۔
9. **شرم و حیا:** بچہ اگر سب کا خیال رکھے تو (✓) کا نشان، والدین، اساتذہ سے بدتمیزی کرے، بہن بھائیوں کو تنگ کرے تو (✗) کا نشان لگائیں۔
10. **دوستی:** بچہ اگر اچھے بچوں سے دوستی کرے تو (✓) کا نشان اور اگر گندے بچوں کے ساتھ دوستی کرے، ان کے ساتھ رہے تو (✗) کا نشان لگائیں۔

PDF Compressor Free Version



# نماز کی ڈائری

## نماز کی ڈائری پُر کرنے کا طریقہ

فجر۔ف | ظہر۔ظ | عصر۔ع | مغرب۔م | عشا۔عش

1. طلبا نے اگر نماز جماعت سے ادا کی ہے تو یہ ✓ نشان لگائیں۔ جیسے: ف
2. اگر بغیر جماعت کے نماز ادا کی ہے تو یہ ــ نشان لگائیں۔ جیسے: ظ
3. طلبا نے اگر قضا کر لی ہے تو یہ ○ نشان لگائیں۔ جیسے: ع
4. اگر قضا بھی نہ کی ہو تو اپنے سامنے نماز قضا پڑھوا کر قضا کا نشان لگائیں۔

بتائے گئے طریقے کے مطابق کچھ دنوں تک معلّم خود نشان لگائیں۔ پھر طالب علم کے والدین سے نماز کی ڈائری پُر کروائیں اور معلّم روزانہ نماز کی ڈائری دیکھتے رہیں۔ جو نماز جماعت سے نہیں پڑھی گئی اس کی ترغیب دیں اور جو نماز نہیں پڑھی گئی، اس کی قضا کروالیں۔

اس طریقے کے مطابق تاریخ کے اعتبار سے کچھ دنوں تک محترم معلّم خود نشان لگائیں پھر طالب علم کے والدین/سرپرست سے نماز کی ڈائری پُر کروائیں اور محترم معلّم روزانہ نماز کی ڈائری دیکھتے رہیں۔ ہر مہینے کے ختم پر استاذ محترم دستخط کریں اور بچوں کو اس کا پابند کریں کہ ہر مہینے کے ختم پر اپنے سرپرست سے دستخط کرائیں۔

PDF Compressor Free Version

# مکتب تعلیم القرآن الکریم کی مطبوعات

قرآن کریم | پنج پارہ | پنج پارہ | عم پارہ | نورانی قاعدہ | نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ




## تربیتی نصاب برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)



تربیتی نصاب (مستورات) | تربیتی نصاب (بالغان) | تربیتی نصاب برائے مدارس حفظ



راہنمائے اساتذہ | تربیتی نصاب برائے اسکول | مونٹیسوری (جونیئر لیول) | تربیتی نصاب برائے اسکول | معیاری مکتب کے رہنما اصول



**تربیتی نصاب** حصہ پنجم (بنین) برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ) — قیمت =/150 روپے